نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ملتان میں اگیتی کپاس کے جائزہ اجلاس کا انعقاد،

ملتان میں ایگریکلچر مال کی زیرِ تعمیر عمارت کا جائزہ لیا

لاہور:16 فروری 2025: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت ملتان میں کپاس کی اگیتی کاشت کیلئے مرتب کردہ حکمت عملی کا جائزہ لینے کیلئے ایک اعلی سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ کپاس کی کاشت کا ہدف ایک چیلنجنگ ٹاسک ہے۔ کپاس کی اگیتی کاشت کے لئے پنجاب کے 6 ڈویژن کو موزوں قرار دیا گیا ہے انہوں نے مزید کہا کہ صوبہ پنجاب میں کپاس کی اگیتی کاشت کیلئے 10 لاکھ ایکڑ رقبہ کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ کپاس کی اگیتی کاشت کا وقت 15 فروری سے 31 مارچ ہے۔ کپاس کی اگیتی کاشت پر 25 ہزار روپے مالی اعانت کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے واضح کیا کہ کپاس کی اگیتی کاشت کے لئے تمام متعلقہ افسران و عملہ کو اہداف تفویض کر دیئے گئے ہیں اور ہدف کے حصول کے لئے فیلڈ میں متحرک اور فعال کردار ادا کرنے کا خصوصی ٹاسک دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے تناظر میں کپاس کی اگیتی کاشت سے بہتر نتائج بر آمد ہوئے ہیں۔ کپاس کی مہم کامیاب بنانے کے لئے ڈویژنل، ڈسٹرکٹ اور تحصیل کی سطح پر کاٹن مینجمنٹ کمیٹیاں تشکیل دی جاچکی ہیں۔اس کے علاوہ مارکیٹوں میں معیاری زرعی مداخل کی دستیابی یقینی بنانے کیلئے سخت مانیٹرنگ کا عمل جاری ہے۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب رانا شبیر احمد خان، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد رجوانہ، ڈائریکٹر جنرلز زراعت عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عامر رسول۔ ڈاکٹر ساجد الرحمان، عبدالقیوم، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈاکٹر آصف علی، صدر کسان اتحاد خالد کھوکھر اور ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ سمیت دیگر افسران و سٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ بعد ازاں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ملتان میں زیر تعمیر ماڈل ایگریکلچر مال کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ماڈل ایگریکلچر مال کے تعمیراتی کام کی رفتار کا جائزہ لیا۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے ماڈل ایگریکلچر مال کے تعمیراتی کام کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا ماڈل ایگریکلچر مال صرف منظور شدہ ڈیزائن کے مطابق ہی تعمیر کیا جائے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے محکمہ بلڈنگ کے افسران کو جلد تعمیر مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ اس

موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے محکمہ بلڈنگ کے افسران نے سیکرٹری زراعت پنجاب کو بتایا کہ ماڈل ایگریکلچر مال کا 80 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔
اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ ماڈل ایگریکلچر مال کا ملحقہ ایریا جدید زرعی ٹیکنالوجی کا عملی نمونہ ہو گا۔

☆☆☆☆☆